فاضل مترجم اُردو کے بلند پایہ اور کہنہ مشق، انشا پرداز ادیب اور نقاد ہیں، اس لئے ترجمہ کی شگفتگی اور عمدگی میں کیا کلام ہو سکتا ہے، شروع میں لائق مترجم کے ادبی کارناموں پر جناب محمور کا جو طویل مقدمہ ہے وہ خود ایک مستقل اور مفید مقالہ کی حیثیت رکھتا ہے، آخر میں انگریزی سے اُردو میں فرہنگ الفاظ بھی بڑے کام کی چیز ہے۔

نظامِ صلاح و اصلاح : از مولانا عبدالباری ندوی سابق استاذ فلسفہ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد، تقطیع خورد، ضخامت ۲۸۷ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد 3/50

پتہ :- ادارہ مجلس علمی کراچی :

سورۂ والعصر قرآن مجید کی بہت مختصر سورۃ ہے لیکن اسلام کی تمام بنیادی تعلیمات پر حاوی اور ان کی جامع ہے، اسی بنا پر حافظ ابن تیمیہ اور بعض اور علمائے متقدمین نے خاص اس سورۃ کی تفسیر الگ لکھی ہے، یہ کتاب بھی اسی سورۃ کی تفسیر ہے، مولانا عبدالباری صاحب کے علم و فضل اور طہارت و نیکی میں شبہ نہیں لیکن ان کے انکار میں اعتدال نہ اُس وقت تھا جب کہ وہ فلسفی تھے اور نہ اب ہے جبکہ وہ "شاہ جی" بنے ہوئے ہیں، چنانچہ اس بے اعتدالی کے نمونے اس کتاب میں بھی کم نہیں ہیں، لیکن اس سے قطعِ نظر جہاں تک کہ سورۃ کے مضامین و حقائق کی تشریح و تعبیر کا تعلق ہے لفظاً و معناً یہ کتاب بڑی بصیرت افروز، دلچسپ اور اس لئے لائقِ مطالعہ ہے۔

توحیدی پاکٹ بک حصہ اول : از جناب مولانا غلام اللہ خان صاحب، تقطیع خورد۔ ضخامت چار سو صفحات، کتابت و طباعت معمولی، قیمت مجلد پانچ روپیہ :

پتہ :- کتب خانہ رشیدیہ ۲۰ مدینہ مارکیٹ، راجہ بازار، راولپنڈی۔

اس رسالہ میں جو چار حصوں پر تقسیم ہے قرآنی آیات، احادیث، آثارِ صحابہ اور بزرگوں کے اقوال و ارشادات کی روشنی میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ علم الغیب اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں ہو سکتا۔ نہ ذاتی طور پر اور نہ عطائی طور پر، آخر میں اُن لوگوں کے دلائل کے جوابات ہیں جو علم الغیب غیر اللہ کے لئے بھی مانتے ہیں، رسالہ اپنے موضوع پر جامع اور محققانہ ہے، جن حضرات کو اس بحث سے دلچسپی ہو اُنہیں